
# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم | یونٹ:۱ | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: تعارف | |

**مقاصد:** اپنا تعارف کرواسکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب۔ لڈو کا دانہ۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں۔ ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو نئی جماعت میں آنے پر مبارک باد دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ان کا اردو کا پیریڈ ہے۔
- بچوں کو کہیں کہ وہ اپنی ساتھ والی سیٹ پر بیٹھے ہوئے بچے سے ہاتھ ملائیں اور اسے سلام کریں۔
- ایک دوسرے کو اپنا اپنا نام بتائیں۔
- سب بچوں سے کہیں کہ نئی جماعت میں آنے کی خوشی میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور ایک بار بلند آواز میں الحمد للہ کہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)



- سب سے پہلے جماعت کے بچوں کو تفصیل سے اپنا تعارف کروائیں۔
- اپنی اچھی اور بری عادات کے بارے میں بتائیں۔
- اپنی پسند اور ناپسند کے بارے میں بھی بتائیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کا ایک دوسرے سے تعارف کروانے کے لیے چھوٹی سی گیم کھیلیں۔
- اس گیم کو کھیلنے کے لیے جماعت میں جانے سے پہلے گتے کے ٹکڑے جوڑ کر چند لڈو کے دانے بنالیں اور ان کے اطراف میں بچوں کے تعارف سے متعلق سوالات لکھ لیں۔ جیسے:
- آپ کا کیا نام ہے؟
- آپ کے والد اور والدہ کا کیا نام ہے؟
- آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے؟
- اس کے ساتھ ہی جماعت کے بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر کے ایک ٹوکری میں رکھ لیں۔
- اب ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔ جس بچے کا نام نکلے اسے جماعت کے سامنے کھڑا کریں اور لڈو کا دانہ گھما کر میز پر پھینکنے کو کہیں۔
- دانے کے اوپری طرف جو سوال آئے گا، بچے کو اس سوال سے متعلق اپنے ساتھیوں کو بتانا ہو گا۔
- اسی طرح ہر بچے سے لڈو کے دانے کو تین دفعہ میز پر پھینکنے اور سوالات کے جواب دینے کو کہیں۔
- سوالات کے جوابات کی مدد سے بچے اپنا تعارف کروائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو بتائیں کہ آج تعارفی دن ہے اور تمام بچے ایک دوسرے کو اپنا تعارف کروائیں گے۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے اپنے بارے میں دو دو جملے سنانے کو کہیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے اپنے دادا جان، دادی جان، نانا جان اور نانی جان کے بارے میں معلومات لے کر آنی ہیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم | یونٹ:ا | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40منٹ | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: جماعت اور اسکول کا تعارف | |

**مقاصد:** اپنی جماعت اور اسکول کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:**(5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو نئی جماعت میں آنے پر مبارک باد دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ان کا اردو کا پیریڈ ہے۔
- جماعت میں جانے سے پہلے ایک چارٹ کے اوپر باغ، گھر، پلے لینڈ، بس اسٹاپ وغیرہ کی تصاویر لگا کر لے جائیں۔
- چارٹ پیپر پر چسپاں کی ہوئی تصویریں (باغ، گھر، پلے لینڈ، بس اسٹاپ، وغیرہ) بچوں کو دکھائیں اور سوال کریں کہ کیا یہ جگہیں آپ نے پہلے کبھی دیکھی ہیں؟
- کیا آپ پہلے کبھی یہاں گئے ہیں؟ یہ کون سی جگہیں ہیں؟
- بچوں کو ہدایت کریں کہ تصویر کے متعلق بتانے کے لیے انھیں ہاتھ کھڑا کرنے ہوں گے اور اپنی باری پر انھیں بتانا ہو گا۔
- تمام بچوں سے کسی نہ کسی تصویر کے بارے میں پوچھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اس کے بعد بچوں کو جماعت کی چیزوں جیسے: بورڈ، کرسیاں، میز وغیرہ کے بارے میں بتائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- جماعت میں جا کر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اپنے اسکول کی سیر کریں گے۔
- اس کے لیے بچوں کی ریل گاڑی بنا کر انھیں اسکول کے مختلف حصوں میں لے کر جائیں۔
- جیسے اسکول کے میدان میں لے جائیں اور بچوں کو بتائیں کہ اس میدان میں آپ لوگ لنچ بریک میں کھیلیں گے۔
- اس کے علاوہ اسکول کے دوسرے حصوں کے بارے میں بتائیں کہ اسے کیا کہتے ہیں؟ اور اسے کیسے استعمال کرنا ہے؟
- بچوں کو ترغیب دیں کہ وہ اسکول آتے اور جاتے ہوئے قطار بنائیں۔ کسی کو دھکّا نہ دیں۔
- کھانے کے وقفے یعنی لنچ بریک میں خاص طور پر کچرا ادھر اُدھر نہ پھینکیں بلکہ کچرے دان میں ڈالیں۔
- اسکول کے دورے کے بعد انھیں واپس جماعت میں لے جائیں۔
- اب استاد بچوں کو کڈز اردو کی جماعت اوّل کی کتاب دکھائیں اور انھیں بھی اپنے بستے میں سے ویسی ہی کتاب نکالنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ یہ ان کی اردو کی کتاب ہے۔ اس میں مزے مزے کی کہانیاں اور نظمیں ہیں۔
- ہم روز اس کتاب کو تھوڑا تھوڑا پڑھیں گے اور اچھی باتیں سیکھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جس طرح آپ کا، میرا، ہم سب کا نام ہے۔ اس طرح اس کتاب کا بھی ایک نام ہے، کیا آپ یہ نام جاننا چاہیں گے؟
- کتاب کا نام بتائیں۔ کتاب کھول کر آغاز دکھائیں۔ صفحے کو الٹنا، پلٹنا سکھائیں۔ بچوں کو کتاب کا آخری صفحہ بھی دکھائیں اور بتائیں کہ یہ کتاب کا آخری صفحہ ہے۔

| |
|---|
| • اس کے بعد کتاب ختم ہو جاتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ اردو کی کتاب ہے۔ اس کتاب میں آپ پڑھنا، لکھنا سیکھیں گے۔<br>• ہر بچے کے پاس جاکر اس سے کتاب کا آغاز اور اختتام نکالنے کو کہیں، صفحے الٹنے اور پلٹنے کو کہیں۔<br>• بچوں کو کتاب بستے میں سے نکالنے اور واپس رکھنے میں ان کی راہ نمائی اور مدد کریں۔<br>• بچوں سے سوال کریں کہ گزشتہ جماعت میں انھوں نے جو باتیں سیکھیں، ان میں سے ایک ایک بات اپنے ساتھیوں کو بھی بتائیں۔<br>• بچے جو بھی جواب دیں، استاد ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو اسکول، ان کی جماعت اور ان کی اردو کی کتاب کا مختصر تعارف کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے پوچھیں کہ آج انھوں نے اسکول کے کون کون سے حصے دیکھے اور انھیں کون سی جگہ سب سے زیادہ اچھی لگی؟<br>اسی جماعت کے بچوں کو چار سے پانچ مختلف مضامین کی کتابیں باری باری دکھا کر ان میں سے اردو کی کتاب کی شناخت کروائیں۔<br>جو بچہ بھی کتاب کی شناخت کرے، اسے پہلے اپنا نام بتانے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) اپنی اردو کی کتاب اپنے گھر والوں کو دکھائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:۱ | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40منٹ | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حروف تہجی کا اعادہ | |

**مقاصد:** مکمل حروف تہجی کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب صفحہ نمبر '4' مکمل اشکال والے حروفِ تہجی پر مبنی چارٹ پیپر کے کارڈ، حروفِ تہجی سے متعلقہ تصویریں، دو ٹوکریاں۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں۔ اور خود درمیان میں بیٹھ جائیں۔
- ایک سے دس تک گنتی گنیں جس بچے پر دس آ جائے اس بچے سے اس کی پسندیدہ عادات کے بارے میں پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے تمام بچوں سے کروائیں۔
- اس سرگرمی کا مقصد بچوں کو نیا سبق پڑھنے کے لیے تیار کرنا ہے اس کے ساتھ ہی بچوں میں جھجک اور شرم کو بھی دور کرنا ہے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- جماعت میں جانے سے پہلے ایک ٹوکری میں حروف تہجی کے کارڈ بنا کر رکھیں جب کہ دوسری ٹوکری میں حروف تہجی سے بننے والی تصاویر ڈال لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنا لیں۔ ایک گروہ کو حروف تہجی کے کارڈز والی ٹوکری اور دوسرے گروہ کو حروف تہجی سے بننے والی تصاویر کی ٹوکری دے دیں۔
- پہلے گروہ کے بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ حروف تہجی کا کوئی کارڈ نکالیں۔
- جب کہ دوسرے گروہ کو تصاویر والی ٹوکری سے حروف تہجی کے متعلقہ حرف کی تصویر نکالنے کو کہیں۔
- یہ سرگرمی جماعت کے سارے بچوں کے ساتھ کریں تا کہ وہ مکمل حروفِ تہجی، ان کی اصوات اور ان سے متعلقہ اشیا کی شناخت کر سکیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔ اب بچوں سے ان کی اردو کی کتاب بستے میں سے نکالنے کے لیے کہیں اور صفحہ نمبر 4 کھولنے میں ان کی مدد کریں۔
- اس صفحے پر مکمل اشکال والے حروف ہاتھ بلند کروا کر باری باری مختلف بچوں سے سنیں۔
- اگر کوئی بچہ انھیں سنانے میں غلطی کرے تو استاد نرمی سے اس کی اصلاح کر دیں۔
- اب اس بچے سے کہیں کہ اس صفحے پر جو حرف وہ آسانی سے پڑھ سکتا ہے اس پر انگلی رکھے اور اسے پڑھے۔ (صرف ایک حرف)
- اس کے بعد بورڈ پر مکمل حروف تہجی لکھیں۔ بلند آواز میں پہلے خود مکمل حروف تہجی پڑھیں۔
- بعد ازاں متفرق بچوں سے حروف تہجی پڑھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں وہ مکمل حروف تہجی کو دیکھتے ہوئے بتائیں کہ ان کا نام حروف تہجی کے کس حرف سے شروع ہوتا۔

| |
|---|
| • درست حرف بتانے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصر اً حروف تہجی کا اعادہ کرادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)متفرق بچوں سے حروف تہجی بلند آواز میں سنیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)گھر سے حروف تہجی میں سے بھاری حروف تلاش کر کے اور یاد کر کے آنے ہیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حروف تہجی کی لکھائی | |

**مقاصد:** مکمل حروف تہجی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 4، ڈسپوزیبل گلاس

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
حروف تہجی کے اعادہ کے لیے بورڈ پر مکمل حروف تہجی لکھیں اور متفرق بچوں سے حروف تہجی کی بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔



**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- ایک چارٹ پر مکمل حروف تہجی لکھیں۔
- حروف تہجی کی تعداد کے ڈسپوزیبل گلاس لیں اور ان کے پیندے پر بھی حروف تہجی لکھ لیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنا لیں اور دونوں گروہوں کو ایک ایک چارٹ اور ڈسپوزیبل گلاسوں کا ایک ایک سیٹ دے دیں جس پر حروف تہجی لکھی ہوں۔
- دونوں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ڈسپوزیبل گلاس کے حروف تہجی کو چارٹ پر لکھے حروف تہجی کے اوپر رکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کا چارٹ چیک کریں اور دیکھیں کہ کس گروہ نے اپنا کام مکمل کر لیا ہے؟
- سب سے جلدی اور درست کام کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر مکمل حروف تہجی لکھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کاپی کھولیں اور بورڈ سے دیکھتے ہوئے حروف تہجی لکھیں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد بچوں کا کام چیک کریں اور آخر میں ورک شیٹ کا کام مکمل کروائیں۔


**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً حروف تہجی کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) متفرق بچوں سے بورڈ پر حروف تہجی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) گھر سے حروف تہجی لکھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔

## ورک شیٹ

کچھ حروف گم ہو گئے ہیں، انھیں تلاش کر کے خالی جگہ پر لکھیں۔



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:ہم صوت حروف | |

**مقاصد:** ہم صوت حروف پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈزاردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 5، گیند، ٹوکری، بچوں کے ناموں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو ایک دائرے کی شکل میں کھڑا کریں اور خود درمیان میں کھڑی ہو جائیں اب ایک گیند لیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ایک سے دوسرے کو آگے بڑھاتے جائیں۔
- دس تک گنتی گننی شروع کریں جس بچے پر دس آئے گا اس بچے کو کوئی ایک لفظ دیں کہ وہ اس جیسی آواز والا لفظ بتائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے کروائیں تاکہ بچوں میں پڑھائی کے لیے جوش بڑھ جائے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 5 کھلوائیں۔
- بچوں سے صفحے پر موجود حروف کو پڑھنے کے لیے کہیں۔
- بار بار تکرار کے بعد بچوں سے کہیں کہ ایسے حروف جو ایک دوسرے سے مختلف ہوں لیکن بولنے میں ایک جیسی آواز دیں، اُنھیں ہم صوت حروف یا ہم آواز حروف کہتے ہیں۔ مثلاً 'ح' اور 'ہ' ایک جیسی آواز والے حروف ہیں۔
- ایک ٹوکری میں بچوں کی ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈالیں۔
- اس کے بعد بورڈ کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔ ایک حصے پر مکمل حروف تہجی لکھیں۔
- ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔ جس بچے کا نام نکلے اس بچے کو بلا کر حروف تہجی پڑھنے کو کہیں۔
- مکمل حروف تہجی پڑھنے کے بعد اس بچے سے پوچھیں کہ وہ کوئی سے دو حرف بتائے جن کی آواز سننے میں ایک جیسی ہے۔
- اس کے لیے بچے کو ہدایت کریں کہ اس کام کا آغاز حرف الف سے کرے۔
- بچہ جس حرف کے متعلق بھی بتائے اس کو بورڈ کے دوسری جانب لکھتے جائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں کے ساتھ بھی کروائیں۔
- آخر میں ہم صوت حروف کو چیک کریں۔ خرابی کی صورت میں ہم صوت حروف کی اصلاح کریں۔
- سب سے آخر میں بچوں کو بلند آواز میں ہم صوت حروف پڑھنے کے لیے کہیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ)متفرق بچوں سے ہم صوت حروف سنیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)ہم صوت حروف یاد کر کے آنے ہیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام:ہم صوت حروف کی لکھائی | |

**مقاصد:** ہم صوت حروف لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 5 پلاسٹک کے انڈے، پلاسٹک کی بنی شارک اور چھوٹی مچھلیاں,اسٹکی نوٹس



**تحریکی سرگرمی:**(5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں،بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں۔پانچ پلاسٹک کے انڈے لیں۔
- ہر انڈے میں حروف تہجی کے پانچ پانچ حروف ڈال کر انڈے بند کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ انڈے کھولیں،ان میں سے حروف پر مبنی کاغذ نکالیں اور پڑھ کر بتائے کہ ان کے پاس کون کون سے حروف آئے ہیں۔
- ان حروف کی درست تلفظ سے ادائیگی بھی کریں اور ان سے بننے والی چیز کا نام بھی بتائے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے کروائیں۔



**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- بچوں کے تین گروپ بنادیں اور ہر گروپ کا ایک لیڈر چن لیں۔
- اب تختہ تحریر پر شارک مچھلی کی تصویر چسپاں کر دیں اور ساتھ ہی میز پر سات مچھلیاں رکھ دیں جن پر ہم صوت حروف (الف،ت ح،ث،ذ،ق اور ی) لکھے ہوں۔
- بچوں کو بتائیں کہ شارک کو بہت بھوک لگی ہے اور اسے مچھلیاں کھانا بہت پسند ہے۔
- آپ میں سے مختلف بچے باری باری یہاں آئیں گے اور شارک کو مچھلی کھلائیں گے،لیکن آپ اس کو جو مچھلی کھلائیں گے۔
- اس پر لکھے حرف کا ہم آواز حرف بھی شارک کو ضرور بتانا ہو گا ورنہ وہ مچھلیاں نہیں کھائے گی۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے اپنی نگرانی میں کروائیں۔
- جو بچے یہ سرگرمی سب سے پہلے اور درست طریقے سے کریں گے ان کی تالیاں بجاکر حوصلہ افزائی کریں اور انھیں کوئی انعام دیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ایک ایک اسٹکی نوٹ دیں اور بچوں کو الگ الگ کر کے بٹھا دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی ربڑ اور پنسل نکالیں اور ہم صوت حروف لکھنا شروع کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل رہنمائی کریں۔
- کام مکمل ہونے پر چیک کریں۔سب سے درست اور جلدی کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔



**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے بورڈ پر ہم صوت حروف لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) اپنی کاپی پر ہم صوت حروف لکھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |